## EVENTS FOR LOCAL FARMERS AND FOOD PRODUCERS

### SEMINAR ON OLIVE PLANT CULTIVATION ORGANIZED BY FACULTY OF AGRICULTURE

The Department of Plant Breeding and Genetics, Faculty of Agriculture, has organized an awareness seminar on the “Cultivation of Olive Plant in AJ&K and Pakistan” at the University of Poonch Rawalakot on 19 August 2023. The workshop was attended by agricultural experts, students, progressive farmers from all over the country. The community was awaked about Olive plant cultivation, production techniques, marketing and revenue generation. Experts said that Olive plant cultivation can become a thriving industry in the future, taking into account the favorable seasonal conditions in Azad Kashmir. Moreover, for small landholding farmers, it can create opportunities for better income with minimal expenses, which will improve their standard of living and economic self-sufficiency.



ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: اعجاز قمر

جلد02 | ہفتہ 19 اگست 2023ء کیم صفر 1445ھ 05 بھادوں 2080 | صفحات04 / قیمت20روپے | شمارہ نمبر133

**پاکستان میں زیتون کی تجارتی مقاصد کیلئے کاشت، جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں سیمینار**

زیتون کی کاشت معاشی خود کفالت کے لئے انتہائی اہم، قومی منصوبے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر عظمت علی اعوان کا اظہار خیال

آزاد کشمیر زیتون کی کاشت کیلئے انتہائی موزوں، ڈاکٹر سلمیٰ کی بریفنگ، ڈین ایگریکلچر ڈاکٹر ناصر رحیم، ڈاکٹر شاہد اقبال اور دیگر کی شرکت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی فیکلٹی آف ایگریکلچر میں "پاکستان میں زیتون کی کمرشل بنیادوں پر کاشت" کے موضوع پر سیمینار سے "زیتون کاشت قومی منصوبے" کے ڈائریکٹر ڈاکٹر عظمت علی اعوان نے اپنے خطاب میں پاکستان میں زیتون کی کاشت کی استعداد، اہمیت، امکانات اور کسانوں کو اس جانب راغب کرنے کیلئے حکومتی کوششوں اور ان کوششوں کے نتائج پر سیر حاصل گفتگو کی۔ جبکہ (بقیہ 58 صفحہ 3 0 پر)

— راولاکوٹ: پروفیسر ڈاکٹر عظمت علی اعوان، پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان زیتون کے حوالہ سے جامعہ پونچھ میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں —


58 بقیہ

آزاد کشمیر میں زیتون کاشت منصوبے کی انچارج ڈاکٹر سمی
نے اس موقع پر صحافیوں کو آزاد کشمیر میں زیتون کی کاشت
سے متعلق بریفنگ دی۔ قبل ازیں ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان
نے اپنے خطاب میں سیمینار کے اغراض و مقاصد اور زرعی
میدان میں ڈاکٹر عظمت علی اعوان کی خدمات سے شرکاء کو آ
گاہ کیا۔ سیمینار میں ڈین ایگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر ناصر
رحیم، ڈاکٹر شاہد اقبال، ڈائریکٹر فنانس محمد شمیم خان، ڈاکٹر
ماجد محمود طاہر سمیت فیکلٹی ممبران اور طلباء و طالبات نے
کثیر تعداد میں شرکت کی ریسورس پرسن ڈاکٹر عظمت علی
اعوان نے کہا کہ پاکستان میں زیتون کی کمرشل بنیادوں پر
کاشت سے معاشی خود کفالت حاصل کی جا سکتی
ہے۔ زیتون کے پودے طویل عمر ہوتے ہیں اس لئے یہ
مستقل بنیادوں پر آمدنی کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اس کیلئے زرخیز
زمین کی بھی ضرورت نہیں۔ بنجر زمین کو آسانی کیساتھ
استعمال میں لایا جا سکتا ہے۔ اللہ نے پاکستان میں زیتون
کی کاشت کیلئے سازگار ماحول دیا ہے۔ انھوں نے کہا
کہ۔ زیتون کاشت کے قومی منصوبے کے تحت شعور اور
آگاہی بیدار کرنے اور پودوں کی مفت فراہمی کے منصوبے
کے بہت اچھے نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ جبکہ زیتون کی
کاشت کا رجحان بھی حوصلہ افزاء ہے۔ انھوں نے کہا
کہ ہمارے ہاں مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق فصلوں کی
کاشت کا رجحان نہیں۔ لوگ اپنی ضروریات کو دیکھتے
ہیں۔ یہ رجحان زرعی شعبہ کیلئے نقصان دہ ہے اور اس سے
ہماری فصلوں کی اہمیت بھی ختم ہوتی جا رہی ہے۔ پاکستان
میں سالانہ چار ہزار ٹن زیتون کا تیل درآمد کیا جاتا ہے جو ہم
بہت مہنگا خریدتے ہیں اور جسے عام آدمی استعمال بھی نہیں
کرتا۔ عام آدمی زیتون کا تیل صرف اسی صورت استعمال کر
سکتا ہے جب ہم خود پیدا کریں۔ اس موقع پر انھوں نے
پاکستان میں زیتون کے پودوں اور گرافٹنگ کے اعداد و شمار،
شجر کاری بڑھانے کے طریقہ کار جبکہ زیتون کی ادویاتی
اہمیت پر بھی روشنی ڈالی۔



*Participation of farmers, local food producers, students, faculty members in seminar on Olive plant cultivation and marketing strategies*







*Participation of students, faculty members in Pak Olive National Gala, 2023*

## FREE VETERINARY MEDICAL CAMPS

The Department of Veterinary Medicine (DVM) is consistently providing complimentary medical outreach camps in various communities every year, offering essential healthcare services to those in need. In addition to providing free consultations, the DVM department also administers cost-free vaccinations, medications, and organizes awareness seminars to promote the healthy livelihood of animals.



ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ایڈیٹر: اعجاز قمر

جلد02 | ہفتہ 24 جون 2023ء، 05 ذوالحجہ 1444ھ 10 ہاڑ 2080 | صفحات04/ قیمت20روپے | شمارہ نمبر91

# جامعہ پونچھ شعبہ ویٹرنری اینڈ اینمل سائنسز کے زیراہتمام فری ویٹرنری میڈیکل کیمپ

دوران کیمپ درجنوں جانوروں جن میں زیادہ تر دودھ دیتے والے جانور شامل تھے کا مفت علاج کیا گیا

کیمپ کی نگرانی ڈاکٹر محمد وقاص، ڈاکٹر عبیداللہ کر رہے تھے جبکہ طلباء و طالبات کی ایک بڑی تعداد بھی ان کی معاونت کی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) یونیورسٹی آف پونچھ کے شعبہ ویٹنیری اینڈ انیمل سائنسز میں قائم چنار ویٹ کیئر سوسائٹی کے زیراہتمام چھوٹا گلہ میں فری ویٹنیری میڈیکل کیمپ لگایا گیا۔ دوران کیمپ درجنوں جانوروں جن میں زیادہ تر دودھ دیتے والے جانور شامل تھے کا مفت علاج کیا گیا۔ فری ویٹنیری میڈیکل کیمپ کی نگرانی ڈاکٹر محمد وقاص، ڈاکٹر عبیداللہ کر رہے تھے جبکہ طلباء و طالبات کی ایک بڑی تعداد بھی ان کی معاونت کر رہی تھی۔ جانوروں کے مالکان (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

*Free veterinary medical services for community rendered by the Department of Veterinary Medicine, UPR*